اموات، جس کا مطلب ہے، Maternal mortality کو Notifiable قرار دیا جائے، جس طرح صوبائی حکومت نے Public Health Surveillance and Response Act 2017 کے تحت چند بیماریوں کو Notifiable قرار دیا تھا تاکہ قوم کی ماؤں کا تحفظ یقینی بنایا جاسکے۔

<u>Madam Deputy Speaker</u>: The motion before the House is that the resolution, moved by the honourable Member, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say' No'.

(The motion was carried)

<u>Madam Deputy Speaker</u>: The 'Ayes' have it. The resolution is passed.

عظمیٰ بی بی! آپ کی ایک اور بھی تھی۔۔۔۔

(مداخلت اور قطع کلامیاں)

<u>محترمہ عظمیٰ خان</u>: میڈم! یہ Proper میں Answer کرتی ہوں ذرا منسٹر صاحب کو، یہ اسمبلی میں پراسیس ہو چکے ہیں، منسٹر صاحب! اس پر باقاعدہ اسمبلی کا نمبر ہے، یہ Adopt ہو چکے ہیں۔

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر</u>: ہاں، یہ پراسیس ہو کے آئے تھے، سیکرٹری صاحب! دا پراسیس شوے وو کنه، اوکے، فخر اعظم! آپ نے جو ابھی پیش کی تھی، وہ ہو گئی ہے اوکے، We will reconsider it۔ اچھا جی، پوائنٹ نمبر 8 پر آتی ہوں، Point No. 08, withdrawal of the Establishment of Information Technology Board، دا به خوک کوی؟

<u>جناب امتیاز شاہد (وزیر قانون)</u>: میڈم!

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر</u>: لاء منسٹر! پلیز، لاء منسٹر۔

(شور)

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر</u>: شاہ فرمان کا مائیک آن کر دیں، شاہ فرمان کا مائیک آن کر دیں پلیز۔

<u>جناب شاہ فرمان (وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ)</u>: یہ جو ریزولیوشنز ہیں، اس کے اوپر بات کرنی ہے، یعنی آپ کی ریزولیوشنز پاس ہوتی جارہی ہیں، مجھے بتائیں کہ کہاں گورنمنٹ کا Viewpoint آیا ہے اور میں تو یہ پانچویں دن زبردستی کھڑے ہو کر آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا کہ پچھلے چھ

Working days پر میں آیا ہوں اور مجھے آج موقع ملا، میں صرف یہ جاننا چاہتا ہوں کہ اگر ریزولیوشن پاس ہو جاتی ہے یا ریزولیوشن پیش کی جاتی ہے تو اس کے اوپر اپوزیشن اور گورنمنٹ کا Viewpoint ہوتا ہے، یہ تو صرف آپ سکول کی کارروائی اس کو نہ سمجھیں، یہ جو افکاری صاحب نے بات کی ہے، یہ جو خواتین کی ایمپلائمنٹ کا ایشو ہے، یہ تو ایسا نہیں ہے کہ کوئی ممبر آکے ریزولیوشن پاس کرے، اس کے Rationales ہوتے ہیں، اس کے Behind کوئی Reasons ہوتے ہیں، اس کو آپ نے Define کرنا ہوتا ہے، لوگوں کو بتانا ہوتا ہے، اب میڈم سپیکر! میں آپ کو بتاؤں کہ یہ جو ریزولیوشن پاس ہوئی کہ جو چھوٹی بچیوں کے ساتھ جو کچھ ہو رہا ہے، یہ سب سے بہتر فورم ہے کہ اس کے اوپر بات کی جائے، یہ مسائل کس معاشرے کے ہیں، افکاری صاحب نے نشاندہی کی ہے، یہ مسائل کس معاشرے کے ہیں؟ Child molestation یہ Statistical detail کے حساب سے اس معاشرے کی بیماری ہے، جہاں بے لگام آزادی ہے، جہاں پر عورت اور مرد میں فرق نہیں ہے، آپ ساؤتھ امریکہ دیکھ لیں، آپ برازیل دیکھ لیں، آپ فرانس دیکھ لیں، یہ بیماری ادھر کی ہے تو کیا ہمارے کلچر میں کوئی ایسا موؤ ہو رہا ہے جہاں ہم نے یہ سوچا ہوا ہے کہ وہ کونسی میڈیا کا Influx ہے ہمارے اوپر، وہ کونسا کلچرل چیلنج ہے، ہم کس طرف جا رہے ہیں، یہ بیماری کیوں ہے؟ کیونکہ نہ تو ہمارا دین اور نہ ہمارا کلچر اس بات کی اجازت دیتا ہے، ان محرکات کے اوپر اگر ہم بات نہ کریں، اگر ہم Responsible نہ ٹھہرائیں، کس کی ذمہ داری ہے، معاشرے کی ذمہ داری ہے، سکول کی ذمہ داری ہے، ماں باپ کی ذمہ داری ہے، اس کے اوپر بات کئے بغیر آپ ایک ریزولیوشن صرف پاس کر کے پیش کریں، یہ تو کوئی Solution نہیں ہے، ہم نے ان کے اوپر ذمہ داری ڈالنی ہے، ایک طرف تو ہم Modernism کی طرف ایسے جا رہے ہیں کہ ہم تقلید کر رہے ہیں ان ممالک کی جن کے اندر یہ بیماری ہے، جن اقوام کا یہ مسئلہ ہے، ہم ان کی تقلید کرتے جا رہے ہیں، لباس میں ان کی تقلید، کردار میں ان کی تقلید، فیشن میں ان کی تقلید تو کیا وہ بیماری ادھر نہیں آئے گی، اس کے کون کون ذمہ دار ہیں؟ معاشرہ اس کا ذمہ دار ہے اور اس کے اوپر بات ہو گی اور میڈم سپیکر! اگر یہ ذمہ داری ہم Fix نہ کریں تو پھر حل کیا ہے، صرف اسلئے کہ غلط کام ہو رہا ہے؟ اس کو تو برازیل میں بھی غلط سمجھا جاتا ہے، اس کو پیرس میں بھی غلط سمجھا جاتا ہے لیکن روکنے والا کوئی نہیں ہے، نہ کوئی روک سکتا ہے جب تک آپ ان محرکات کی نشاندہی نہ کریں

کہ کون اس کا ذمہ دار ہے، میڈم سپیکر! ہمارے اوپر سوشل میڈیا کے ذریعے کلچر یلغار ہے اور ہم اس کے سامنے ہار مان چکے ہیں، ہمارا اٹھنا بیٹھنا، ہماری طرز گفتگو، طرز زندگی، لباس یہ سارا کچھ ہم تقلید کرتے ہیں اور جن معاشروں کی تقلید کرتے ہیں، اسی معاشرے کی بیماری ہمیں لگے گی، لہذا ہم سب کی ذمہ داری ہے کہ اس کے اوپر سوچیں، گھر سے لیکر، ماں باپ سے لیکر، سکول سے لیکر، کالج سے لیکر، میڈم سپیکر! آج ہماری بچیاں صرف یہ نہیں ہیں، آپ دیکھیں، آئس کا نشہ، اس طرف کسی کا دھیان نہیں ہے اور اس کیلئے ان شاء اللہ Coming cabinet میں اس کی جو Proposals ہے، وہ پاس ہو جائے گی لیکن بڑی ساری بیماریاں ایسی ہیں، بڑے سارے کام ایسے ہیں کہ میں یہ سمجھتا ہوں۔۔۔۔

(مداخلت اور قطع کلامی)

محترمہ ڈپٹی سپیکر: پلیز، شاہ فرمان کی بات سنیں۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: میرے کہنے کا مقصد یہ ہے کہ اگر میڈم سپیکر! آپ صرف ریزولیوشن پاس کریں، میں ریکویسٹ کرتا ہوں کہ اس کے اوپر آپ ڈیبیٹ کا موقع دیں، بالکل اس کے اوپر پوری ڈیبیٹ ہونی چاہیئے اور اس ڈیبیٹ کے اوپر ہم بات کریں گے کہ کس کی ذمہ داری ہے اور کہاں ہم Fix کریں گے؟ میڈم سپیکر! حل کیا ہے؟ ایشو کا جو حل ہوتا ہے، جب ڈیبیٹ ہو گی اور اب ہم سب نے اپنے گریبانوں میں جھانکنا ہے اور ہم نے یہ دیکھنا ہے کہ جس طرح ایک بیماری لگتی ہے تو آپ کو پتہ چل جاتا ہے کہ اس کے Causes یہ ہیں اور اس کے Affects یہ ہیں، اگر ہم Causes کی طرف نہ جائیں اور ہم کہیں کہ ہمیں بیماری نہ لگے، یہ نہیں ہو سکتا، میں ریکویسٹ کرتا ہوں کہ ایک پورا دن اس کے اوپر ڈیبیٹ ہو جائے کہ ہمارے معاشرے میں بچیوں، چھوٹی بچیوں کے ساتھ، Child molestation اور Drugs کے اوپر دو دن ڈیبیٹ رکھیں تاکہ یہ میسج چلا جائے، اگر یہ لوگ فکر نہیں کریں گے تو کون فکر کرے گا؟ یہی ذمہ دار ہیں، یہاں پر جو لوگ بیٹھے ہوئے ہیں، یہ Represent کر رہے ہیں عوام کو اور اگر یہ ذمہ داری قبول نہ کریں تو کون کرے گا؟ لہذا میری ریکویسٹ یہ ہے کہ اتنے Haste میں صرف ریزولیوشن، میں ریزولیوشن کے اوپر اعتراض نہیں کر رہا، کہنے کا میرا مقصد یہ ہے کہ ریزولیوشنز بڑی Important ہے، لہذا صرف ریزولیوشنز تک نہ رہیں کہ ہم کل اخبار والوں کو کہیں اور میڈیا سے کہیں کہ جی ہم تو بات کر چکے ہیں، ہم اس

کے خلاف ریزولیوشنز لا چکے ہیں، اس کے اوپر ڈیبیٹ ہو اور جس کی ذمہ داری ہے، اس کے اوپر ذمہ داری Fix ہونی چاہیئے، اگر ہماری کمزوری ہے، دوسری بات آنریبل ممبر زنے ایمپلائمنٹ کے حوالے سے بات کی ہے، میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس کے اوپر بھی بات ہونی چاہیئے، میڈم سپیکر! اصولاً اور قانوناً یہ پوری اسمبلی خواتین کی ہو سکتی ہے لیکن یہ اسمبلی مردوں کی پوری طرح نہیں ہو سکتی، کیوں؟ خواتین کی مخصوص سیٹیں ہیں لیکن ہر سیٹ پر خواتین Contest کر سکتی ہیں، خواتین کی سیٹ پر مرد Contest نہیں کر سکتا، لہذا ایشو سیریس ہے، اس کے اوپر بات ہونی چاہیئے، صرف ریزولیوشن تک اور ریزولیوشن اتنا لائٹ نہیں لینا چاہیئے، اب ریزولیوشن آپ نے پاس کرایا، ریکارڈ کا حصہ بن جاتا ہے، کل آپ سے لوگ پوچھیں گے، میں سمجھتا ہوں کہ جو جو سیکٹرز ہیں، ہم اس کو Functional specialization سمجھتے ہیں، جہاں خواتین کا کام ہے، بہتر کر سکتی ہیں، ان کو Priority دینی چاہیئے، جہاں مردوں کا کام ہے، ان کے اندر Equality بھی ہونی چاہیئے لیکن میری ریکویسٹ آنریبل ممبرز سے یہ ہے کہ وہ Suggestion کے ساتھ اور پوائنٹ کے ساتھ آجائیں تاکہ اس کے اوپر بھی بات ہو اور صرف ریزولیوشن نہ ہو، قانون سازی کی ضرورت ہو یا کوئی ایگزیکٹیو آرڈر کی ضرورت ہو، وہ بھی ہم کریں گے لیکن یہ Important چیزیں ہیں، لہذا میڈم سپیکر! میری ریکویسٹ ہے کہ ریزولیوشن کو صرف Formality تک نہیں رہنا چاہیئے، اس کے اوپر بات بھی ہونی چاہیئے اور یہ جو ملک کے اندر ہو رہا ہے Child molestation اور جو نشے کی طرف ہمارے بچے اور بچیاں جا رہی ہیں، اس کے اوپر دو دن کی ڈیبیٹ رکھیں اور آخر میں جو Conclusion ہو، وہ اداروں تک ایسے ہم پہنچائیں کہ وہ اس کے خلاف Strict action لیں اور ہم اپنے گریبان میں بھی جھانکیں، اپنی ذمہ داری بھی پوری کریں، ہمیں بھی پتہ ہو، اگر میں چاہتا ہوں کہ میں ایسے اچھا لگتا ہوں، اگر میں اس Role میں اچھا لگتا ہوں تو پھر اس Role کی بیماری بھی مجھے لگے گی، ہمیں اپنے کلچر اور دین کو نہیں بھولنا چاہیئے، شکریہ میڈم سپیکر۔

<u>Madam Deputy Speaker</u>: Thank you very much Shah Farman. Dr. Haidar!

<u>ڈاکٹر حیدر علی (پارلیمانی سیکرٹری برائے انسداد بدعنوانی و صوبائی معائنہ ٹیم)</u>: شکریہ، میڈم سپیکر! میں شاہ فرمان صاحب کی بات کو آگے بڑھاتے ہوئے صرف دو منٹ لوں گا، جس طرح کہا گیا، میں بھی اس کی پر زور

مذمت کرتا ہوں اور یہ جو آج کل، ملک میں تو پہلے سے یہ رجحان ہے، Human nature ہے لیکن جو میڈیا پر اس بات کو، یہ جو رجحان بڑھ رہا ہے بچوں کے خلاف۔۔۔۔

(مداخلت اور قطع کلامیاں)

<u>Madam Deputy Speaker</u>: Shah Farman! You are wanted in the Assembly, please. Ji, Haidar!

<u>پارلیمانی سیکرٹری برائے انسداد بدعنوانی وصوبائی معائنہ ٹیم</u>: یہ جو بچوں کے خلاف وحشیانہ رجحانات میں ہمارے ملک کے اندر اضافہ ہو رہا ہے، اس کو واقعی ٹٹولنے کی ضرورت ہے کہ کیا ہمارا معاشرہ اس سے پہلے بالکل صاف ستھرا تھا، اس حوالے سے کوئی Child abuse نہیں ہو رہا تھا، یہ پہلی دفعہ ہو رہا ہے یا اس کو پہلی دفعہ اچھالا جا رہا ہے جو کہ اچھا اقدام ہے، جس نے بھی اس کو اچھالا ہے، اس میں اگر میڈیا ملوث ہے تو اس طرف لوگوں کی توجہ، قانون دانوں کی توجہ، قانون سازوں کی توجہ مبذول کرانا وقت کی اہم ترین ضرورت ہے، شاہ فرمان صاحب سے میں اتنا اختلاف کروں گا کہ یہ ہمارے ملک کا یا ہماری کلچر کا نہیں پیدا کردہ ویسٹرن معاشرے کا ہے، میں یہ کہوں گا کہ یہ Animal nature ہے، Animal instant ہے، یہ نفسیات کا مسئلہ ہے، یہ رویوں کا اور Behavior کا مسئلہ ہے، ویسٹ میں یہ چیزیں ہیں، وہ اسی لئے زیادہ نظر آتی ہیں کہ ایک تو وہ ریکارڈ پر آتی ہیں اور دوسری طرف اس طرف اگر آزادی ہے، Liberalism ہے لیکن وہاں قانون کی گرفت بھی ہے، یہاں پر چیزیں رپورٹ ہو جاتی ہیں، ایس ایچ او کو معطل کیا جائے، اس کے خلاف پرچہ کاٹا جائے لیکن جو ملزم ہوتا ہے، پھر اس کی Follow-up اس کیس کی نہیں ہوتی کہ اس کو سزا ہوئی کہ نہیں ہوئی؟ ویسٹ میں اگر یہ کیس ہوتا ہے تو پھر اس کو انجام تک پہنچاتے ہیں، وہاں پر ایسی آزادی نہیں ہے کہ لوگ بچوں کی عزتوں سے کھیلیں، لوگ مردوں یا خواتین کے ساتھ کھیلیں، ان کے حقوق کے ساتھ کھیلیں، وہاں پر قانون کی گرفت ہے، یہاں پر ہمارے دو ادارے تھے، چونکہ یہاں پر ریاست روایتی کمزور آرہی ہے، ریاست کی گرفت نہیں ہے لیکن یہاں پر فیملی کی گرفت تھی جو کہ ایک ادارہ تھا، یہاں پر مذہب کی گرفت تھی جو کہ ایک ادارہ تھا، ہماری مذہب کی یہاں پر گرفت کمزور ہو رہی ہے، اس کے ذمہ دار کئی لوگ ہیں، میں اس پر بات نہیں کرنا چاہتا، یہاں فیملی کی گرفت یا سسٹم تھا، وہ کمزور ہو رہا ہے، Replacement کے طور پر ریاست وہ خلاء پر نہیں کر رہی، وہاں پر اگر فیملی کمزور ہے، مذہب

کمزور ہے، Liberalism ہے لیکن وہاں قانون کی گرفت ہے، ریاست مضبوط ہے، وہاں قانون کی گرفت سے کوئی نہیں بچ سکتا، یہاں پر اگر ہم اس بات کا تجزیہ کریں گے تو سب سے بڑی ذمہ داری ہماری ہے، قانون کے اندر Loopholes ہیں، Child abuse پر ابھی تک کوئی کام نہیں ہوا، بی بی سی کی ایک ڈاکیومنٹری موجود ہے، پشاور میں اس اسمبلی سے ایک کلومیٹر کے فاصلے پر ایک اڈہ ہے، اس کے خلاف بی بی سی کی وہ رپورٹ آج بھی نیٹ پر موجود ہے کہ چائلڈ کے ساتھ آج رات بھی کوئی جائے، میں خود گیا ہوں، میں نے خود دیکھا ہے کہ بچوں کے ساتھ جو کچھ ہو رہا ہے اس پشاور کے اندر، وہ رپورٹ نہیں ہو رہا، یہ اب سے نہیں ہو رہا، میں اس حکومت کی بات نہیں کر رہا، جو بھی حکومت یہاں پر بیٹھی ہے، جو بھی اسمبلی کے ممبران یہاں پر بیٹھتے ہیں، کبھی ہم نے یہ سوچا ہے کہ ہمارے بچوں کے ساتھ یہ جو ظلم ہو رہا ہے، سٹریٹ چلڈرنز کے ساتھ، اس کو ریاستی بچوں کا درجہ کون دے گا؟ اگر کسی کا ماں باپ نہیں ہے، وہ کمزور ہے، ریاست اس کی ماں باپ ہے، ہم یہاں پر ریاست کے نمائندے کے طور پر، قانون سازوں کے طور پر بیٹھے ہوئے ہیں، ضرورت اس بات کی ہے کہ اس پر ایک کمیٹی بنائی جائے، وہ Child abuse کے مسئلے کی صحیح جانچ پڑتال کرکے اس کے بعد ایک ایسا قانون ہم بنا کے لے آئیں کہ کوئی بھی اس کی گرفت سے بچ نہ سکے، اس کی Follow-up ہو اور اس کی Implementation ہو، بہت بہت شکریہ۔

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر</u>: تھینک یو جی، جیسا کہ شاہ فرمان صاحب نے کہا ہے کہ اس پر ڈیبیٹ ہو، کمیٹی سے کام نہیں بنے گا، اس پر ڈیبیٹ ہونی چاہیئے، میں یہ Promise کرتی ہوں کہ جب میں چیئر کروں گی تو میں Full day اس پر ڈیبیٹ رکھوں گی. Because I don't know about Speaker Sahib. Ji, Jafar Shah Sahib!

<u>جناب جعفر شاہ</u>: میڈم سپیکر! تھینک یو، آپ اس پر رولنگ دے دیں، اس کو اس طرح نہ رکھیں، یہ بہت Important مسئلہ ہے، یہ انسانی المیہ ہے، ہمارے سر شرم سے جھک گئے ہیں، یہ جو پے در پے واقعات ہو رہے ہیں اور جس طرح ڈاکٹر صاحب نے کہا، میں تو کہوں گا شاہ فرمان صاحب کو کہ "بہت دیر کی مہرباں آتے آتے"، یہ آج انہوں نے بڑے دل کی باتیں کہیں اور میں Agree کرتا ہوں اور اس کو بڑی سنجیدگی سے ہم نے لینا ہے، میڈم سپیکر! میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس خطے پر اور خاصکر اس علاقے پر، اس ریجن میں یہ دہشتگردی کی دوسری ایک لہر آ رہی ہے، یہ پے در پے جو واقعات ہو رہے ہیں، آج نوشہرہ میں ہو رہے ہیں،

مردان میں ہو رہے ہیں، میں یہاں پر ایک افسوس کا بھی اظہار کر رہا ہوں کہ پنجاب میں ہوا، ہم اس پر رو رہے ہیں اور ہمیں بہت دکھ ہے، اس پر جو پنجاب میں زینب کا واقعہ ہوا یا مردان میں ہوا یا نوشہرہ میں ہوا لیکن وہاں پر جتنا بلہ گلہ ہو رہا ہے، یہاں پر ہمارے لئے اتنی آواز نہیں اٹھائی گئی، اس پر ہم بھرپور اپنا احتجاج ریکارڈ کرتے ہیں اور ہم اس پر گلہ اور شکوہ کرتے ہیں، میڈم سپیکر! اب بھی اس طرح کے واقعات ہو رہے ہیں، ابھی کراچی میں آپ دیکھیں، وہاں پر پختونوں کی Extrajudicial killing ہو رہی ہے، اس پر اگر ہم خاموش رہے تو معاشرہ اور ہمارے بچے کبھی ہمیں معاف نہیں کریں گے اور اس پر ابھی لوگ جاگ رہے ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ یہ اس ملک کی سلامتی کیلئے، اس ملک کی بقاء کیلئے یہ خطرناک ہے، میں اس قرارداد کی بھرپور حمایت کرتا ہوں۔ میڈم سپیکر! آج کل حالات اس طرف جا رہے ہیں کہ ہم حیران ہیں کہ یہ کیا ہو رہا ہے پورے ملک میں؟ آج دیکھیں جی، آپ کے سب انجینئرز پچھلے ایک ہفتے سے بنی گالہ میں بیٹھے ہوئے ہیں، ان کو کوئی پانی نہیں پلاتا، ان کو کوئی، میں تو غیر پارلیمانی لفظ، ان کو کوئی گھاس تک نہیں ڈالتا، ان کیلئے حکومت اقدامات کرے اور ہمیں یہاں پر آگاہ کریں، میڈم سپیکر! یہاں پر بات ہو گئی Annual Development Plan کی، یہاں پر اگر آپ کے ایم پی ایز کے ساتھ اتنا ظلم ہو رہا ہے، منتخب نمائندوں کے ساتھ اتنا ظلم ہو رہا ہے تو ہم وہ ظلم، ہم کس طرح روئیں گے؟ میڈم سپیکر! میں آپ کو مثال دے دوں، میرے اور ڈاکٹر حیدر جو کہ حکومتی پارٹی کا ہے، ان حلقوں میں اے ڈی پی سکیم میں ہمیں یہ بتایا گیا کہ یہ فنڈ ایم این اے استعمال کرے گا، صوبائی فنڈ کے ساتھ ایم این اے کا کوئی تعلق نہیں ہے، میں اس پر بھرپور احتجاج کرتا ہوں اور میری ڈاکٹر صاحب سے بھی ریکویسٹ ہو گی کہ وہ اس پر احتجاج ریکارڈ کرے، میڈم سپیکر!۔۔۔۔۔

(مداخلت)

جناب جعفر شاہ: (ڈاکٹر حیدر علی سے) ڈاکٹر صاحب! یو منٹ، ایک اور بات یونیورسٹی آف سوات کی، یہ اچھا ہوا کہ منسٹر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، یہ ہمیں اور ہاؤس کو اعتماد میں لے لیں اور ہمیں صحیح صورتحال سے آگاہ کریں کہ یونیورسٹی آف سوات کے وائس چانسلر کے سلسلے میں یہاں پر اس ہاؤس میں ہم نے ایک متفقہ قرارداد منظور کی تھی، اس قرارداد کو ردی کی ٹوکری میں ڈالا گیا ہے اور وہاں پر وہ کس طرح

اس کی ریکروٹمنٹ ہو گئی ہے، کس طرح اس کی سلیکشن ہو گئی ہے؟ میری منسٹر ہائر ایجوکیشن سے یہ ریکویسٹ ہے کہ وہ اس چیز پر بھی روشنی ڈالیں، تھینک یو ویری مچ۔

Madam Deputy Speaker: Thank you Jafar Shah Sahib. Item No. 08. Law Minister! Please, withdrawal of the KP Establishment of Information Technology Board.

Mr. Imtiaz Shahid (Minister for Law): Madam Speaker!

Madam Deputy Speaker: Law Minister! Please.

Minister for Law: Madam Speaker!

Madam Deputy Speaker: Okay, I am being told that legally we cannot do this one because it should be done by Arif Sahib. Okay you go to 9 please, you go to 9.

خیبر پختونخوا پبلک سروس کمیشن کی سالانہ رپورٹ برائے سال 2016 کا ایوان میں پیش کیا جانا

Minister for Law: Okay, Madam Speaker! I on behalf of the honourable Chief Minister lay the Annual Report of Public Service Commission for the year 2016, in the House.

Madam Deputy Speaker: It stands laid.

خیبر پختونخوا کے امور سے متعلق پالیسی کے اصولوں کے مشاہدات اور ان پر عملدرآمد کے بارے میں رپورٹ برائے سال 2016 کا ایوان میں پیش کیا جانا

Madam Deputy Speaker: Item No. 10, Law Minister.

Minister for Law: Madam Speaker! I on behalf of the honourable Chief Minister beg to lay the Report of the Observance and Implementation of Principal of Policy in Relation to the Affairs of the Khyber Pakhtunkhwa Province for the year 2016, in the House.

Madam Deputy Speaker: It stands laid.

اراکین کی رخصت

محترمہ ڈپٹی سپیکر: یہ چھٹیوں کی درخواستیں ہیں: جناب سکندر خان شیر پاؤ، ابرار حسین صاحب، افتخار علی مشوانی، فضل حکیم، حاجی انور حیات، فریڈرک عظیم غوری، محمد عارف، ملک محمد قاسم، نجمہ شاہین، مسماۃ نسیم حیات، امجد خان، منظور ہیں جی؟

(تحریک منظور کی گئی)

Madam Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. The leave is granted. 'Call Attentions': Fakhr-e-Azam, sorry Sardar Nalotha Sahib!

جناب بخت بیدار: میڈم سپیکر!

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی۔

جناب بخت بیدار: جی، زما یو خبره وه۔

Madam Deputy Speaker: Oh yeah.

سرداراورنگزیب نلوٹھا: ثوبیہ شاہد صاحبہ کا کوئسچن ہے۔۔۔۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی، بخت بیدار صاحب کا مائیک آن کردیں، پھر نلوٹھا صاحب! آپ کا۔

سرداراورنگزیب نلوٹھا: ان کا کوئسچن ہے، مہربانی کرکے صرف ایک کوئسچن کی اجازت دے دیں۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: کوئسچنز ہم نے ڈیفر کردیئے ہیں، منسٹر نہیں ہیں، جی، بخت بیدار صاحب!

سرداراورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب!۔۔۔۔

جناب بخت بیدار: میڈم شکریہ، نلوٹھا صاحب! ایک منٹ، ایک منٹ۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: بخت بیدار صاحب! آپ بولیں۔

جناب بخت بیدار: میډم! زمونږه د دې صوبې ټول انجینئران په هړتال دی، میډم! ستاسو توجه غواړم، زمونږ د دې ټولې صوبې انجینئران په هړتال دی، د بنی ګاله مخې ته خلورمه پینځمه ورځ ده چې په هړتال دی، ټول د ډیویلپمنټ کار د دې صوبې بند دے، زمونږ ستاسو په تهرو باندې صوبائی حکومت ته درخواست دے چې د هغوی جائز مطالبات د اومنلې شی چې هغوی واپس خپل کار ته راشی او دا ډیویلپمنټل کار شروع شی۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: میرے کوئسچنز ہیں، یہ Billion Trees کے حوالے سے جن کے تحت یہ جو کہہ رہے ہیں کہ ہم نے ایک ارب 20 کروڑ درخت لگائے ہیں۔۔۔۔

(شور)

(محترمہ ثوبیہ شاہد سپیکر ڈائس کے سامنے احتجاج کر رہی ہیں)

Madam Deputy Speaker: Minister is not here, he requested.

محترمہ ثوبیہ شاہد: نہیں، میڈم! اگر وہ نہیں ہے تو لاء منسٹر جواب دے۔۔۔۔۔

(شور)

محترمہ ڈپٹی سپیکر: اوکے، تو جواب کون دے گا؟

(شور)

محترمہ ڈپٹی سپیکر: مشتاق غنی اینڈ ڈاکٹر حیدر پلیز۔

(شور)

محترمہ ڈپٹی سپیکر: یہ آپ کو ئسچن۔۔۔۔۔

(شور)

Madam Deputy Speaker: Okay, Sobia! You go, I am going to take it.

(Pandemonium)

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی، مشتاق غنی صاحب!

(شور)

محترمہ ڈپٹی سپیکر: آپ لوگ۔۔۔۔۔

(شور)

محترمہ ڈپٹی سپیکر: Okay carry on، ثوبیہ کو ئسچن آپ شروع کریں، کوئسچن نمبر 6030، ثوبیہ بی بی! کوئسچن نمبر 6030، مشتاق غنی صاحب! اور ڈاکٹر حیدر! آپ دونوں سن لیں اور جواب دے دیں جی۔

نشانزدہ سوال اور اس کا جواب

* 6030 _ محترمہ ثوبیہ شاہد: کیا وزیر ماحولیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ موجودہ حکومت نے صوبہ بھر میں بلین ٹری کے نام سے ایک پروگرام شروع کیا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو موجودہ حکومت نے اب تک مردان ڈویژن میں کتنے درخت لگائے ہیں، تفصیل ضلع وائز فراہم کی جائے؟

سید محمد اشتیاق(وزیر ماحولیات) (جواب وزیر برائے اعلیٰ تعلیم نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔

(ب) اس پروگرام کے تحت مردان فارسٹ ڈویژن نے ضلع مردان، ضلع صوابی کے مختلف علاقوں میں بڑی تعداد میں پودہ جات لگانے کا عمل شروع کیا ہے، جن میں اب تک 63 لاکھ 05 ہزار 133 پودہ جات مختلف مقامات پر لگائے جا چکے ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

نمبر شمار	نام ضلع	تعداد پودہ جات
01	مردان	34لاکھ93ہزار981
02	صوابی	28لاکھ 11ہزار152
کل تعداد		63لاکھ05ہزار133

محترمہ ثوبیہ شاہد: 6030 کوسچن ہے۔"آیا یہ درست ہے کہ موجودہ حکومت نے صوبہ بھر میں بلین ٹری کے نام سے ایک پروگرام شروع کیا ہے، اگر(الف)کا جواب اثبات میں ہو تو موجودہ حکومت نے اب تک مردان ڈویژن میں کتنے درخت لگائے؟"جواب اس کا جو ہے، ضلع مردان میں 34لاکھ درخت لگائے گئے ہیں اور ضلع صوابی میں 28لاکھ، کل مردان ڈویژن میں 63لاکھ درخت لگائے گئے ہیں، مردان ڈویژن کے ممبران سے میں ریکویسٹ کرتی ہوں، کیا آپ لوگ اس بات سے Agree ہیں؟ خیر یہ بھی ہے، اس سے بھی ہم Agree ہو جاتے ہیں کہ مردان ڈویژن میں 63لاکھ درخت لگ گئے ہیں لیکن یہ کہاں پر لگے ہیں اور میرا اس طرح 6031، میرے پانچ کوسچنز ہیں، جو ہر ڈویژن سے میں نے ان کی Calculation منگوائی ہوئی ہے اور یہ سارے اس گورنمنٹ کے، اس کوسچن کا جواب ہے، ساڑھے 22 کروڑ 5 ڈویژن کا حساب ہے، 5 ڈویژن کا تو 78 کروڑ جو درخت ہیں، وہ کیا پشاور اور بنوں میں لگے ہیں اور پشاور اور بنوں میں بھی میرے خیال سے اس کا بھی جواب آیا ہوا ہے لیکن آج فلور پہ نہیں ہے، وہ بھی صرف ایک کروڑ ہے، اس کا جواب مجھے دیں؟

محترمہ ڈپٹی سپیکر: اس پر مردان اینڈ صوابی لکھا ہے، جی، مشتاق غنی صاحب!

جناب مشتاق احمد غنی(وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): میڈم تھینک یو، آنریبل ممبر صاحبہ نے جو کوسچن کیا ہے، انتہائی Important ہے تاکہ ان کی تسلی ہو سکے کہ جو ہم یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ ہم نے ون بلین ٹریز لگائے

ہیں، میں اس کی سپورٹ میں صرف یہ کہنا چاہوں گا، بہتر تو خیر ہے یہ ہوتا کہ یہ عموماً اگر کوئی منسٹر Available نہیں ہے کسی وجہ سے تو وہ ڈیفر ہو جاتے ہیں اور Best answer concerned department یا اس کا منسٹر ہی دے سکتا ہے لیکن چونکہ آپ نے یہ کوئسچن لے لیا ہے ان سے، میں یہ عرض کروں کہ یہ جو درخت تین سال کے اندر لگائے گئے ہیں، یہ پورے صوبے کے اندر لگائے گئے ہیں، نمبر ایک، نمبر دو ان درختوں کی ویری فیکیشن WWF نے کی ہے، یہ Worldwide Organization ہے Specially for Forestation، نمبر تین اس کے ثبوت موجود ہیں، نمبر تین یہ ہے کہ آپ ان درختوں کو چیک کرنا چاہتے ہیں تو انوائرنمنٹ ڈیپارٹمنٹ کی ویب سائٹ موجود ہے اور Coordinates موجود ہیں اور اس کے اوپر ان Coordinates پہ جا کے کسی بھی شہر کے اندر آپ جا کے ان درختوں کو چیک بھی کر سکتے ہیں، یہ جس کی میں نے WWF کی بات کی، کچھ عرصہ پہلے ان کی ٹیم آئی تھی، انہوں نے سارا چیک کیا اور ان کی بڑی زبردست رپورٹ تھی اور اتنی تسلی بخش تھی کہ انہوں نے کہا کہ 85 پرسنٹ ان کا Success rate ہے، یہ میں ایک سال پہلے کی بات کر رہا ہوں، اس وقت یہ بلین بھی نہیں ہوئے تھے، ہم نے ایک ارب 20 کروڑ درخت لگائے ہیں، ایک ارب 20 کروڑ، یہ گپ نہیں ہے، یہ بڑی سیریس بات ہے، میں آپ کو یہ بتاؤں کہ جب سے پاکستان بنا، ابھی تک جو ہر سال مون سون کی Campaign چلتی تھی، پورے پاکستان کے اندر ٹوٹل 60 ہزار درخت کاغذوں میں جو آپ اٹھا کے دیکھیں ریکارڈ، چاروں صوبوں کی میں بات کر رہا ہوں کہ اس میں ٹوٹل 60 ہزار درخت لگے تھے، اس میں تو پورا ایک میکنزم بنایا گیا تھا، اس میں نرسریز اگائی گئی تھیں، اس میں یوتھ کو کوٹہ دیا گیا تھا، وومن کو دیا گیا تھا کہ ان کا روزگار بھی چلے، پھر ری جنریشن بھی ہوئی ہے میڈم سپیکر! کہ وہ فارسٹ جو کہ گورنمنٹ کا تھا اور اس کو Cordon of کیا گیا بعض Wires کے ساتھ اور وہیں کے لوگوں کو وہاں پہ گارڈ کے طور پر نوکری دی گئی تاکہ لائیوسٹاک اور عام لوگ اس کے اندر جا نہ سکیں تو ہمیں حیرت ہوئی کہ یہ اسلام آباد سے جو ہزارے میں انٹری ہوتی ہے، وہاں یہ WWF والے آئے ہوئے تھے، ایک سال پہلے ہم گئے تو انہوں نے ری جنریشن کیلئے وہ انتظام کیا ہوا تھا تو درخت کٹے ہوئے تھے بیچ میں سے اور جگہیں ساری خالی تھیں، جب ایک سال بعد ہم گئے تو صرف ری جنریشن سے ہم جب اس فارسٹ میں انٹر ہونے لگے تو ہمیں پاؤں رکھنے

کی جگہ نہیں مل رہی تھی اور عمران خان ساتھ تھے ہمارے، خٹک صاحب ساتھ تھے، انہوں نے ہمیں باہر نکال دیا کہ آپ لوگوں کے پاؤں سے یہ چھوٹے پودے جو از خود ہماری حفاظتی اقدامات سے اگ رہے ہیں، تو باقی وہ بھی اگے ہیں، ان کو بھی گورنمنٹ نے Protect کیا اور گورنمنٹ نے اپنی نرسریز بھی بنائیں، اب یہ جو ایک Specific area کے بارے میں بات کر رہی ہیں، مردان کی یا کسی اور کی، تو اس کا بھی یہ، اچھا پھر دوسرا یہ 21/22 ارب کا پروجیکٹ تھا شروع میں اور جب یہ کمپلیٹ ہوا تو جو اس کی Transparency تھی، جیسے ہم کہتے ہیں کہ Zero tolerance for the corruption تو یہ 14 بلین میں جا کے کمپلیٹ ہو گیا، یعنی اتنی اس میں Saving بھی ہوئی اس پراجیکٹ کے اندر، تو اسلئے میں اپنی بہن سے یہ درخواست کروں گا کہ ان کو جو Specific data چاہیئے یا اس کے اوپر بات، میں نے تو In general بات کی ہے، تو یہ Wait کر لیں، Next اجلاس میں اشتیاق ارمڑ صاحب آئیں گے، وہ ان کی ایک ایک چیز کا جواب دیں گے جو بھی ان کی تشنگی ہوئی ان شاءاللہ ہم ان کی دور کریں گے چونکہ اب وہ نہیں ہیں تو جب کوئی منسٹر نہ ہو تو وہ کوئسچنز ڈیفر ہو جایا کرتے ہیں، تو وہ آپ ڈیفر کر دیں، مجھ سے ہائر ایجوکیشن کا کوئسچن ہو سکتا ہے، میں اس میں بتا سکتا ہوں لیکن اب انوائرنمنٹ کی جو جنرل ہیں، وہی باتیں ہم بتا سکتے ہیں۔

<u>ڈاکٹر حیدر علی (پارلیمانی سیکرٹری برائے انسداد بدعنوانی و صوبائی معائنہ ٹیم):</u> میڈم! میں اس میں ایک تھوڑا سا Add کرنا چاہتا ہوں۔

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر:</u> جی، ڈاکٹر حیدر!

<u>پارلیمانی سیکرٹری برائے انسداد بدعنوانی وصوبائی معائنہ ٹیم:</u> شکریہ، میڈم سپیکر! میں محترمہ ایم پی اے صاحبہ سے صرف اتنی گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ جو باتیں ہمارے منسٹر صاحب نے کہیں، اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ پوری دنیا میں یہ ایک واحد پراجیکٹ ہے پاکستان کا اور اس کا فائدہ پاکستان کو بھی پہنچ رہا ہے انٹرنیشنل فورم پہ، پوری دنیا اس کی معترف ہے لیکن اگر ان کو کوئی شکایت ملی ہے، کیونکہ کوئسچن میں کوئی ایسی وضاحت نہیں ہے اس کی کہ ان کو کہاں پہ کوئی شکایت ہے یا کہاں پہ کوئی غفلت ہوئی ہے یا کیا اگر ان کے پاس Specific ایسی کوئی چیز ہے کہ ان کو کسی نے شکایت کی ہے کہ Properly یہ پراجیکٹ یوٹیلائزڈ

نہیں ہوا، یہ پیسے Properly یوٹیلائزڈ نہیں ہوئے، اس میں کوئی غبن ہے تو میں بحیثیت انچارج انٹی کرپشن، میڈم! میں بحیثیت انچارج انٹی کرپشن۔۔۔۔۔

(مداخلت/ قطع کلامیاں)

محترمہ ڈپٹی سپیکر: ڈاکٹر صاحب کا جواب سن لیں جی۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے انسداد بدعنوانی و صوبائی معائنہ ٹیم: آپ سے گزارش کرتا ہوں کہ فارسٹ کے حوالے سے جواب تو متعلقہ وزیر صاحب دیں گے لیکن اگر آپ کو کوئی اور شک ہے تو آپ مہربانی کر کے انٹی کرپشن کے پاس وہ ثبوت لے کے آئیں، میں ذمہ داری لیتا ہوں کہ میں Investigate کروں گا۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: مولانا صاحب! جی، مفتی جانان!

مفتی سید جانان: میډم! زه صرف یو خبره کوم، چارسده کښې یو خان دوه نوکران ساتلی وو او بیا به هغه لږه زیاته مبالغه کوله خبرو کښې، بیا یو ملگری ورته وئیلی دی چې خبره لږه اندازې سره کوه، هغه وئیل چې زه خو نه پوهیږم، ورته ئې وئیل چې ته کوم ځاې کښې دروغ وائی نو زه به بیا ټوخې کوم، ټوخې به کوم نو ته به بیا لږ راکمیږې، (قہقہہ) زه نور څه نه وایم خو زه د هنگو متعلق صرف دومره خبره کوم چې 27 لاکھ 74 هزار 241 ونې دوئ وائی چې دا مونږ لگولی دی، دا زه چیلنج کوم چې که دوه لکهه ونې هم دوئ لگیدلی وی، که خبره کوئ نو خدائے ته اوگورئ، د خدائے رسول ته اوگورئ، لږه لار ورته جوړوئ او طریقې سره مطلب دا دے چې خبره کیږی، گنې زه ډاکټر صاحب۔۔۔۔۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے انسداد بدعنوانی و صوبائی معائنہ ٹیم: میڈم!

محترمہ ڈپٹی سپیکر: ڈاکٹر حیدر کا مائیک آن کریں۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے انسداد بدعنوانی و صوبائی معائنہ ٹیم: میں مفتی صاحب کی بات کو رد نہیں کرتا، آپ مہربانی کر کے Through proper channel انٹی کرپشن ڈیپارٹمنٹ موجود ہے، میں ذمہ داری سے کہتا ہوں کہ میں ایکشن لوں گا، جہاں بھی یہ نشاندہی کریں گے۔

مفتی سید جانان: ڈاکٹر صاحب! یہ بات آپ سے پہلے مجھے مشتاق صاحب نے یہی اسمبلی میں بتا دی تھی کہ اگر آپ کو جہاں پہ شک ہو، جہاں جانا چاہتے ہوں، وہ دن ابھی تک نہیں آیا ہے، مشتاق صاحب نے مجھے دو

تین اجلاس پہلے بتادیا تھا کہ اگر آپ کو کسی جگہ پہ شک ہے تو میں نے کہا کہ مجھے شک ہے، ابھی تک وہ دن نہیں آیا ہے، میں کہہ رہا ہوں کہ اگر آپ نے یا جس نے بھی بات کرنی ہے، تو اگر حقیقت پر مبنی ہو تو اس میں بہتری ہو گی، بغیر حقیقت کی کوئی بات میں ابھی چیلنج کرتا ہوں کہ ہنگو میں بالکل اتنے درخت نہیں لگے ہوئے ہیں، پورے ہنگو ڈویژن میں نہیں لگے ہوئے ہیں۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: مفتی جانان صاحب! هغه وائی چې انتهی کرپشن ته ئې راؤړه، انتهی کرپشن ته۔

مفتی سید جانان: زه انتهی کرپشن ته نه ځم، زه د اسمبلئ ممبر یم، زه د انتهی کرپشن ډائریکټر نه یم چې زه به هلته ځم۔

Madam Deputy Speaker: This is not your department-----

جناب جعفر شاہ: میڈم!

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جعفر شاہ صاحب!

جناب جعفر شاہ: تھینک یو۔ میڈم سپیکر! انہوں نے یہاں کالام کے حوالے سے لکھا ہے کہ 58 لاکھ پودے کالام میں لگائے گئے ہیں، کالام میں لوگوں نے مکمل بائیکاٹ کیا تھا، ان کا گورنمنٹ کے ساتھ کوئی ایشو تھا اور انہوں نے ایک پودا بھی کالام میں نہیں لگایا ہے، اس سلسلے میں کالام میں اس وقت جو Blue Eyed DFO تھا ڈیپارٹمنٹ کا، اس کے خلاف یہاں فلور پہ میں نے بولا اور چیف منسٹر صاحب نے یہاں سے فلور پہ کھڑے ہو کے ان کے خلاف انکوائری کا حکم دیا اور جب انکوائری آ گئی تو انکوائری کے بعد اس کو پورے ضلع سوات کا چارج دیا گیا، ابھی اشتیاق صاحب نہیں ہیں، وہ منسٹر بن گئے اس کے، منسٹر بننے کے بعد ان سے میں نے ریکویسٹ کی کہ اس بندے کے خلاف شکایتیں آ رہی ہیں برائے مہربانی اس کو ٹرانسفر کریں، ابھی دو دن ہو گئے ہیں اس کو ٹرانسفر کیا گیا ہے، میں چیلنج کرتا ہوں کہ کالام میں یہ تو 58 لاکھ کہتے ہیں، صرف 58 پودے مجھے دکھائیں، میں یہاں پہ اس چیلنج کو قبول کرتا ہوں کہ 58 پودے-----

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: میڈم!

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی، مشتاق غنی صاحب۔

وزیر برائے اعلیٰ تعلیم: ڈاکٹر حیدر انٹی کرپشن کے انچارج ہیں، آپ بتادیں، یہ Investigate کر لیں گے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: مشتاق غنی! مائیک سے بولیں۔

پارلیمانی سیکرٹری برائے انسداد بدعنوانی وصوبائی معائنہ ٹیم: (جناب جعفر شاہ سے) شاہ صاحب!

محترمہ ڈپٹی سپیکر: ڈاکٹر حیدر!

پارلیمانی سیکرٹری برائے انسداد بدعنوانی و صوبائی معائنہ ٹیم: شاہ صاحب! اور مولانا صاحب! جتنے بھی ہمارے معزز ممبران صاحبان ہیں، میں ان سب سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ آپ کے پاس اگر شواہد موجود ہیں تو Through proper channel میرے آفس میں وہ لے کہ آئیں، میں آپ کو تسلی کرتا ہوں کہ میں بذات خود جاکے Investigate کروں گا، فلور پہ تو آپ بعد میں بھی اٹھا سکتے ہیں، شواہد کے ساتھ آپ آئیں۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: میڈم سپیکر!

محترمہ ڈپٹی سپیکر: نلوٹھا صاحب!

سردار اورنگزیب نلوٹھا: شکریہ، سپیکر صاحبہ! میں یہ کہتا ہوں کہ ایک منسٹر صاحب کے کہنے کے مطابق ایک ارب 20 کروڑ درخت لگے ہیں، ار بوروپے اس کے اوپر خرچ کئے گئے ہیں تو یہ اچھی بات ہے، ہم نہیں کہتے کہ کیوں انہوں نے درخت لگائے ہیں، میں آپ کی توجہ چاہتا ہوں۔۔۔۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: اچھا، ایک منٹ۔

محترمہ دینا ناز: میڈم! کورم پورا نہیں ہے۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: ڈاکٹر صاحب یہ کہتے ہیں، ڈاکٹر حیدر صاحب نے ثبوت کی بات کی ہے۔۔۔۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: کورم پورا نہیں ہے، کاؤنٹ کرو، کورم پوائنٹ آؤٹ ہوا۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: ڈاکٹر حیدر صاحب نے ثبوت کی بات ہے، اس سے بڑا اور ثبوت کیا ہو سکتا ہے کہ منسٹر آج اسمبلی میں نہیں ہے جواب دینے کیلئے؟

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی، یہ کورم پوائنٹ آؤٹ ہوا، جی، کورم پوائنٹ آؤٹ ہوا۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: اس سے بڑا اور ثبوت کیا ہے، یہاں پر ایک ادارہ بنا تھا، خود صوبائی حکومت نے بنایا تھا احتساب کمیشن کا، وہ کدھر گیا؟ اس کوئسچن کو آپ کمیٹی کے حوالے کریں اور کمیٹی میں اس کا فیصلہ ہو کہ اس میں کرپشن ہوئی ہے یا نہیں ہوئی ہے؟

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی اور کورم پورا نہیں تھا)

Madam Deputy Speaker: The quorum is not complete, let's count it, count quorum.

(Counting was carried)

محترمہ ڈپٹی سپیکر: دو منٹ کیلئے Bell بجائی جائے، For two minutes bell بجائی جائے۔

(اس مرحلہ پر گھنٹیاں بجائی گئیں)

(شور)

محترمہ ڈپٹی سپیکر: دو منٹ کیلئے گھنٹیاں بجائی جائیں۔

(اس مرحلہ پر گھنٹیاں بجائی گئیں)

(شور)

محترمہ ڈپٹی سپیکر: چې کورم پوائنټ آؤټ شی Legally you can't، یو پوائنټ هم نشئ کولې۔

(شور)

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی اور کورم پورا نہیں تھا)

Madam Deputy Speaker: The quorum is not complete and the sitting is adjourned till 03:00 pm afternoon 22nd January, 2018.

(اجلاس بروز سوموار مورخہ 22 جنوری 2018ء بعداز دوپہر تین بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)